Daily
Karachi Times
ABC CERTIFIED
THE OPINION LEADER
Vol . XVI NO.303 Karachi Rabi us Sani 15, 1447 Hijri - Thursday, October 09, 2025, Page 04 Price Rs. 10.00

# Federal Ombudsman regional office sukkur resolves public grievances

*By Abdul Khalique Soomro*

**SHIKARPUR:** The Federal Ombudsman Regional Office Sukkur, led by Syed Mehmood Ali Shah, Regional Head, successfully conducted an Outreach Complaint Resolution (OCR) session at the Circuit House, Larkana, to address and resolve public grievances related to key utility service providers.

During the session, 55 complaints against the Sukkur Electric Power Company (SEPCO) and 15 complaints against the Sui Southern Gas Company Limited (SSGCL), Larkana, were reviewed and resolved. This initiative reflects the Federal Ombudsman's ongoing commitment to ensuring administrative justice, accountability, and public service efficiency at the grassroots level.

The hearing was attended by several senior officials from both agencies. From SEPCO, participants included Mr. Asghar Ali Sangi, XEN Larkana Rural, and Mr. Sohail Ahmed Khuharo, Revenue Officer SEPCO Larkana Rural.

**Abdul Khalique Soomro District Reporter Shikarpur**

قلم کی نوک سے معاشرتی بگاڑ کے خلاف جہاد

DAILY
HARARAT KARACHI

ABC
Certified

روزنامہ
حرارت
کراچی

قیمت 15 روپے

نیوز ایڈیٹر:
باغی ساگر پہنوار

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر 10 | جمعرات 9 اکتوبر 2025ء، 15 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 284 |






## وفاقی محتسب علاقائی دفتر سکھر نے
## لاڑکانہ میں عوامی شکایات کا ازالہ کیا

سکھر بیورو چیف شہزاد سلطان پنہور) وفاقی محتسب علاقائی دفتر سکھر نے لاڑکانہ میں عوامی شکایات کا ازالہ کیا لاڑکانہ، وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر سکھر کے ریجنل ہیڈ، سید محمود علی شاہ نے یوٹیلٹی کمپنیوں کے خلاف عوامی شکایات کے ازالے کے لیے لاڑکانہ کے سرکٹ ہاس میں کامیابی کے ساتھ آٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن (OCR) کی سماعت کا انعقاد کیا۔ اس سیشن میں سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (SEPCO) سے متعلق کل 55 شکایات اور سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (SSGCL) لاڑکانہ سے متعلق 15 مقدمات کو نمٹایا گیا۔ یہ اقدام وفاقی محتسب کے مقامی سطح پر عوام کو انتظامی انصاف اور ریلیف فراہم کرنے، اور وفاقی ایجنسیوں میں شفافیت و احتساب کو فروغ دینے کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔ اس سماعت میں متعلقہ اداروں کے کئی کلیدی نمائندوں نے شرکت کی۔ سیپکو (SEPCO) کی جانب سے شرکا میں جناب اصغر علی سانگی، ایکسین لاڑکانہ رورل، اور جناب سہیل احمد کھوکھرو، ریونیو آفیسر سیپکو لاڑکانہ رورل شامل تھے۔ ایس ایس جی سی ایل (SSGCL) کی نمائندگی جناب سعید احمد کوریجو ڈپٹی منیجر، ایس ایس جی سی ایل، لاڑکانہ، اور جناب مشتاق احمد، انجینئر) سی جی ٹی او (ایس ایس جی سی ایل، لاڑکانہ نے کی۔

بقیہ نمبر 37

## اعجاز قریشی

آذربائیجان، بحرین، انڈونیشیا، جاپان، کرغزستان، مکا(چین)، فلپائن، تیمور لیسٹے اور پاکستان میں محتسب اداروں کے سربراہان سمیت بین الاقوامی شرکا کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔وفاقی محتسب نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محتسب اداروں کے کاموں میں ریاستی اداروں کو مزید متحرک،موثر اور عام لوگوں کے فائدے کے لیےان کی خدمات کو بہتر بنانا شامل ہے،

www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق ومغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعرات 15 ربیع الثانی 1447ھ 9 اکتوبر 2025ء 25 اسوج 2082 ب صفحات :10 قیمت :30 روپے | شمارہ: 199

# قانون کی حکمرانی، گڈ گورننس میں محتسب اداروں کا کردار بنیادی ستون ہے

## اعجاز احمد قریشی

## معاشرے میں اچھی طرز حکمرانی کو فروغ دینے میں قانون کی حاکمیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، وفاقی محتسب

## آئی او آئی محتسبین اور ثالثی اداروں کی مضبوط عالمی تنظیم ہے، انٹرنیشنل محتسب انسٹیٹیوٹ کی کانفرنس سے خطاب



لاہور (اپنے رپورٹر سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ قانون کی حکمرانی، گڈ گورننس اور انصاف کے قیام میں محتسب کے اداروں کا کردار بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ گزشتہ روز محتسب اداروں کے ذریعے قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ کانفرنس محتسب پنجاب اور آئی او آئی کی نائب صدر عائشہ حامد کی میزبانی میں بین الاقوامی محتسب انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام منعقد ہو رہی ہے۔ آئی او آئی محتسبین اور ثالثی اداروں کی 200 رکنی مضبوط عالمی تنظیم ہے۔ کانفرنس میں آذربائیجان، بحرین، انڈونیشیا، جاپان، کرغزستان، مکاؤ (چین)، فلپائن، تیمور لیسٹے اور پاکستان میں محتسب اداروں کے سربراہان سمیت بین الاقوامی شرکاء کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ وفاقی محتسب نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محتسب اداروں کے کاموں میں ریاستی اداروں کو مزید متحرک، موثر اور عام لوگوں کے فائدے کیلئے ان کی خدمات کو بہتر بنانا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے ادارے مساوات، عوام کی خدمت اور انصاف کو فروغ دینے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی متعلقہ قراردادوں میں بیان کردہ بنیادی نکات کے مطابق انسانی حقوق کے تحفظ اور آزادی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے مزید کہا کہ بدانتظامی سے نمٹنے نیز کارکردگی، نظم وضبط، خدمات کی فراہمی کے معیار کو فروغ دینے اور معاشرے میں قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے میں محتسب اداروں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب کے مختلف اقدامات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کی جانب سے بدانتظامی سے متعلق ازخود نوٹسز مختلف سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری لانے میں کافی مددگار ثابت ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے مختلف اقدامات بشمول دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد اور معائنہ ٹیموں کے ذریعے ایسے سرکاری اداروں کے دورے جن کے خلاف زیادہ شکایات آتی ہیں، شفافیت اور احتساب کو فروغ دینے میں بہت موثر ثابت ہوئے ہیں نیز اسی طرح کے دیگر اقدامات سے بھی قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ (IOI) کانفرنس سے بین الاقوامی مقررین کے علاوہ، صوبائی محتسب پنجاب عائشہ حامد، وفاقی انشورنس محتسب، وفاقی ٹیکس محتسب اور وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت نے بھی خطاب کیا۔